Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۲	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۲۴ شعبان ۱۳۳۶ھ مطابق ۳ جون ۱۹۱۸ء	جلد ۳۰

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اعلان قیمت گزٹ	۱
۲	مستقلی صاحبزادہ سید علی حیدر خاں بہادر نائب جیلر	۲
۳	تقرر عنایت حسین خاں بعہدہ ہیڈ کانسٹیبلی	"
۴	رخصت کورٹ انسپکٹر صاحب	"
۵	موقوفی امداد حسین مختار عام	"
۶	رخصت سید اعجاز علی صاحب مجسٹریٹ درجہ دویم	"
۷	" مظہر علی خاں جیلر بیگار	"
۸	" منصرم گاؤ میش خانہ	"
۹	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

اعلان مطبع

قیمت گزٹ ریاست رامپور مستقل خریداران کیلیے حسب ذیل مقرر کی گئی ہے

سالانہ .... للعہ

شش ماہی ۶ر

واضح ہو کہ خریداران گزٹ کو قیمت سالانہ یا ششماہی پیشگی داخل مطبع کرنا ہوگی جسکی رسید ضابطہ مطبع سے ملیگی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

مستقلی

۲۰ر مئی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب منشاء حکم اجلاس ہمایوں حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم معدودہ ۱۲ر مئی سنہ ۱۹۱۹ء صاحبزادہ سید علی حیدر خان بہادر قائم مقام نائب جیلر تاریخ ختم میعاد امتحانی سے مستقل کیے گئے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تقرر

۲۶ر مئی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس خورشید حسین ہیڈ کانسٹبل مٹری جدید کا استعفا اور بجائے اُسکے عنایت حسین خان کا تقرر منظور ہوا۔

رخصت

۲۰ر مئی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس رخصت دس یوم اتفاقیہ کورٹ انسپکٹر صاحب بذمہ داری شمس الدین سب انسپکٹر کورٹ منظور ہوئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

موقوفی مختار عام

۱۸ر مئی سنہ ۱۹۱۹ء

لالہ دینا ناتھ و مداری لال ساکنان بلاسپور نے امداد حسین اپنے مختار عام کو کار مختاری سے موقوف کر دیا۔ اور اسکی تصدیق سب جج صاحب بلاسپور سے ہوگئی۔ لہذا درج گزٹ ہوا۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۸ر مئی سنہ ۱۹۱۹ء

سید اعجاز علی صاحب اسپیشل مجسٹریٹ درجہ دوم پندرہ یوم کی رخصت لیکر وطن کو گئے تھے۔ وہاں سے آٹھ یوم کی مزید رخصت حاصل کی جو ختم ہوگئی اب ۲۰ر مئی سنہ ۱۹۱۹ء کو ایک تار اُنہوں نے بھیجا ہے کہ بوجہ بیماری نینی تال جانیکی ضرورت ہے۔ ۱۹ر جون کو حاضر ہونگے۔ مگر سید کاظم علی صاحب کا تار بدیں مضمون آیا ہے کہ اعجاز علی بوجہ ضروری کام ۲۰ر جون تک حاضر نہیں ہونگے۔ رخصت منظور کی جائے۔ لہذا صاحب اسپیشل مجسٹریٹ درجہ دوم کی رخصت ۲۰ر جون تک منظور کی جاتی ہے۔ صاحب مجسٹریٹ ضلع اُنکو مطلع کر دیں کہ حسب مدعا تار سید کاظم علی صاحب ۲۰ر جون تک رخصت منظور کر لیگئی ہے وہ ۲۰ر جون کو اپنے کام پر حاضر ہوں۔

بنابراں حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ہر دو تار شامل روبکار ہذا ہیں۔

دستخط جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص احکام اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ر مئی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب سفارش جناب افسر صاحب کارخانہ جات و جناب صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر ذات خاص رخصت دس یوم مظہر علی خان پیشکار کی ۲۰ر مئی سنہ حال سے بغرض روانگی ملک بنگالہ کی یونس خان محرر سررشتہ منظور ہوئی۔

۲۰ر مئی سنہ ۱۹۱۹ء

رخصت پندرہ ۱۵ یوم منعم گاؤمیش خانہ کی ۵ر جون سنہ ۱۹۱۹ء سے بکار کنگی فیروز شاہ خاں نائب منعم گاؤخانہ منظور ہوئی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۷ مئی لغایت ۲ جون سنہ ۱۹۱۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸ ار	۷ ار	۷۰ ار	۷ ار	۸۰ ار	۷ ار	
نخود خالص	۹۰ ار	۹ ار	۱۰ ار	۱۰ و ۱۰ ار	۹ ار	۹۰ ار	
نخود کشتہ آمیز	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۱ ار	۱۰۰ ار	
کشتہ	۱۱۰ ار	۰	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۱۰ ار	۱۱ ار	
ماش	۷۰ ار	۷۰ ار	۷۰ ار	۰	۷ ار	۷۰ ار	
مونگ	۷۰ ار	۷۰ ار	۷۰ ار	۰	۷ ار	۷ ار	
مکا	۱۲ ار	۰	۱۵ ار	۱۵ ار	۱۳۰ ار	۰	
جئی	۱۲۰ ار	۰	۱۰۰ ار	۱۴ ار	۱۱ ار	۱۳۰ ار	
گوجئی	۰	۱۰ ار	۱۳ ار	۱۱ ار	۱۰۰ ار	۱۱ ار	
مسور	۹ ار	۹۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۰	
ارہر	۱۱ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	۱۴ ار	۱۴ ار	۱۳ ار	
برنج	۶۰ ار	۶۰ ار	۶ ار	۶ ار	۵۰ ار	۶ ار	
روغن زرد	ـ ۱۰ ار	۰ ار	۰ ار	۰ ار	۰ ار	ـ ۱۰ ار	
روغن سیاہ	۱۰۱ ار	۱۰۱ ار	۲ ار	۱۰۱ ار	۲ ار	۲۰ ار	
روغن کنجد	۱۵ ار	۲ ار	۲ ار	۱ ار	۱۰ ار	۲ ار	
نمک سانبھر	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۸ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	
نمک لاہوری	۷ ار	۹ ار	۶۰ ار	۶ ار	۸ ار	۹ ار	
قند سیاہ	۷۰ ار	۷ ار	۸ ار	۹ ار	۸ ار	۹ ار	
باجرہ	۶۰ ار	۰		۰	۰	۰	